## حیدرآباد کے شہریوں کو فضائی سفر کی سہولیات فراہم کرنے کیلئے حیدرآباد ایئرپورٹ کو فی الفور کھولا جائے۔حق پرست ارکان قومی اسمبلی متحدہ قومی موومنٹ

## حق پرست قیادت کی کوششوں سے وفاقی حکومت اس ایئرپورٹ کو آئندہ ماہ سے دوبارہ کھولنے پر رضامند ہوگئی تھی

کراچی۔۔۔28، جولائی 2008ء

حیدرآباد سے تعلق رکھنے والے متحدہ قومی موومنٹ کے ارکان قومی اسمبلی صلاح الدین اور طیب حسین نے وفاقی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ حیدرآباد کے شہریوں کو فضائی سفر کی سہولیات فراہم کرنے کیلئے حیدرآباد ایئرپورٹ کو فی الفور کھولا جائے۔ اپنے ایک مشترکہ بیان میں حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے کہا کہ حیدرآباد شہر آبادی اور تجارتی سرگرمیوں کے لحاظ سے صوبہ سندھ کا دوسرا بڑا شہر ہے جو ٹیکسٹائل، سیمنٹ، گلاس اور دیگر اشیاء ملک اور بیرون ملک ایکسپورٹ کرتا ہے جس سے وفاق کو اربوں روپے کا ریونیو حاصل ہوتا ہے لیکن حیدرآباد کے شہری فضائی سہولت سے محروم ہیں، شہر میں قائم ایئرپورٹ سالہا سال سے بند ہے۔حق پرست قیادت کی کوششوں سے وفاقی حکومت اس ایئرپورٹ کو آئندہ ماہ سے دوبارہ کھولنے پر رضامند ہوگئی تھی اور اس مقصد کیلئے تاریخ بھی مقرر کردی گئی تھی لیکن اب پھر اس ایئرپورٹ کو کھولنے کا معاملہ سرد خانے میں ڈالا جارہا ہے جو قابل مذمت ہے۔حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے کہا کہ بجائے اسکے کہ اس ایئرپورٹ کی تزئین وآرائش کی جاتی اور شہریوں کو بہترین سفری سہولتیں فراہم کرنے اور ایئرپورٹ کے کارکردگی اور معیار کو دیگر بڑے شہروں کے ایئرپورٹس کے برابر لانے کیلئے تمام تر ضروری اقدامات کئے جاتے، اب اس ایئرپورٹ کو کھولنے کا معاملہ سرد خانے میں ڈالا جارہا ہے جو حیدرآباد شہر کے ساتھ کھلی زیادتی ہے۔ارکان قومی اسمبلی صلاح الدین اور طیب حسین نے وفاقی حکومت سے مطالبہ کیا کہ حیدرآباد کے شہریوں کو فضائی سفر کی سہولیات فراہم کرنے کیلئے حیدرآباد ایئرپورٹ کو فی الفور کھولا جائے۔

## حق پرست سینیٹر کے فنڈز سے قمبر شہدادکوٹ میں بجلی کی ترسیل کی اسکیم کا افتتاح

## ضلع لاڑکانہ کے سول اسپتال میں 1 کروڑ روپے کی لاگت سے بلڈ بنک اور تھیلیسیمایونٹ کا افتتاح بھی کیا

قمبر شہدادکوٹ۔۔۔28، جولائی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست سینیٹر ڈاکٹر محمد علی بروہی نے گزشتہ روز اندرون سندھ کے ضلع قمبر شہدادکوٹ میں 50 لاکھ روپے کی لاگت سے گوٹھوں کو بجلی کی ترسیل کی اسکیم اور 1 کروڑ روپے کی لاگت سے لاڑکانہ کے سول اسپتال میں بلڈ بینک اور تھیلیسیما یونٹ کا افتتاح کیا۔ضلع قمبر شہدادکوٹ میں گوٹھوں کو بجلی کی ترسیل کی اسکیم اور لاڑکانہ کے سول اسپتال میں بلڈ بینک اور تھیلیسیما کے یونٹ کے قیام کے منصوبے حق پرست سینیٹر ڈاکٹر محمد علی بروہی نے اپنے خصوصی فنڈز سے کرائے ہیں۔ضلع قمبر شہدادکوٹ میں بجلی کی ترسیل کے منصوبے کے افتتاح سے حیدر چانڈیو گوٹھ، گوٹھ احمد شاہ، گوٹھ محبوب شاہ بخاری، گوٹھ اللہ ورایو، گوٹھ عبدالغنی چانڈیو اور اللہ رکھیو چانڈیو گوٹھ کے 50 ہزار افراد استفادہ کرسکیں گے۔افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر محمد علی بروہی نے کہا کہ حق پرست قیادت کراچی کی طرح اندرون سندھ کے ضلعوں، گوٹھوں اور دیہاتوں کی ترقی وخوشحالی کیلئے بھی عملی طور پر کوشاں ہیں اور یہ اس بات کا ثبوت ہے کہ ایم کیوایم عوام کی بلاامتیاز وتفریق عملی خدمت میں مصروف ہے۔اس موقع پر ضلع قمبر شہدادکوٹ اور لاڑکانہ کے عوام نے ترقیاتی منصوبوں پر دلی تشکر کا اظہار کیا اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے دعائیں کیں۔

## سینئر صحافی اختر میر کی والدہ محترمہ کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔28، جولائی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے سینئر صحافی اختر میر کی والدہ محترمہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔دریں اثناء اختر میر کی والدہ محترمہ کو مقامی قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیوایم کی میڈیا کمیٹی کے رکن عبدالقدوس، سیاسی وسماجی رہنما، صحافیوں اور مرحومہ کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

## امریکی قونصلیٹ جنرل کے اینسکی نے ایم کیوایم کے قائدالطاف حسین کے والدنذیرحسین کے نام پر

## میرپورخاص میں قائم ہونے والے نذیرحسین انسٹی ٹیوٹ آف ایمرجنگ سائنسز میں ماسٹرز آف بزنس ایڈمنسٹریشن پروگرام کاافتتاح کیا

## افتتاحی تقریب میں حق پرست نمائندوں، کالجوں کے اساتذہ اورعمائدین شہر کی بڑی تعداد کی شرکت

## ماسٹرز کلاسز کے آغاز پرنذیرحسین انسٹی ٹیوٹ کے چیف ایگزیکٹوزیس احمد خان اورایگزیکٹوڈائریکٹرغضنفرعلی خان کوامریکی قونصلیٹ جنرل کی مبارکباد

میرپورخاص۔۔۔28، جولائی2008ء

ایم کیوایم کے قائدالطاف حسین کے والدنذیرحسین کے نام پرمیرپورخاص میں قائم ہونے والے نذیرحسین انسٹی ٹیوٹ آف ایمرجنگ سائنسز میں ماسٹرز آف بزنس ایڈمنسٹریشن پروگرام کاافتتاح آج امریکی قونصلیٹ جنرل کے اینسکی ( H.E Kay Ansky) نے کیا۔یہ انسٹی ٹیوٹ علیز ایجوکیشنل سوسائٹی کے زیراہتمام قائم کیا گیاہے۔افتتاحی تقریب میں حق پرست نمائندوں، کالجوں کے اساتذہ اورعمائدین شہر کی بڑی تعداد نے شرکت کی ۔امریکی قونصلیٹ جنرل کے اینسکی نے انسٹی ٹیوٹ میں ماسٹرز کلاسز کے آغاز پرانسٹی ٹیوٹ کے چیف ایگزیکٹوزیس احمد خان اورایگزیکٹوڈائریکٹرغضنفرعلی خان کومبارکباد پیش کی اورتعلیم کے شعبے میں ان کی بہترین خدمات کوسراہا۔

## آئی ایس ٹی سی کے رکن اورفیڈرل بی ایریا سکٹر کے کارکن سے رابطہ کمیٹی کااظہارتعزیت

کراچی۔۔۔28، جولائی2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے رکن عبدالرشید بھیا کے بڑے بھائی عبدالحمیداورایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر کے کارکن سیداسامہ حسن کے والدسید مصطفیٰ حسن کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کااظہار کیاہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کااظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران کوصبرجمیل عطا کرے ۔( آمین )

☆☆☆☆☆